## ایک مرتبہ پھر شیعہ سنی فسادات کی سازشیں کی جارہی ہیں۔الطاف حسین

**کراچی میں علمائے کرام،وکلاء،ڈاکٹرز اور دیگر شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ اسی سازش کا حصہ ہے،شیعہ سنی سمیت تمام مکاتب فکر کے علماء اور عوام کو ملکر اس سازش کو نا کام بنانا چاہیے**

**مذہب کے نام پر عوام میں نفرت پھیلانے والوں کا مذہب سے کوئی تعلق نہیں،حکومت ایسے عناصر کی گرفت کرے،**

**ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی روک تھام کرے اور شیعہ سنی عوام کو تحفظ دے**

**طاقت کے بل پر اپنا عقیدہ دوسرے پر تھوپنا کسی بھی طرح درست نہیں بلکہ اسلامی تعلیمات کی نفی ہے**

**نبی کریمؐ نے انسانیت کو فلاح کا پیغام دیا اور وہ تمام جہانوں کیلئے رحمت بن کر آئے**

**علمائے کرام نئی نسل کو سیرت طیبہ سے آگاہ کریں،لوگوں کو احترام انسانیت، پیار،محبت اور امن بھائی چارے کا زیادہ سے زیادہ پیغام دیں**

**کراچی اور حیدرآباد میں ایم کیو ایم کے زیر اہتمام منعقد کئے جانے والے اجتماعات سے ٹیلیفون پر خطاب**

کراچی۔۔۔30 جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایک مرتبہ پھر شیعہ سنی فسادات کی سازشیں کی جارہی ہیں اور کراچی میں علمائے کرام، وکلاء، ڈاکٹرز اور دیگر شہریوں کی ٹارگٹ کلنگ اسی سازش کا حصہ ہے۔شیعہ سنی سمیت تمام مکاتب فکر کے علماء اور عوام کو مل کر اس سازش کو نا کام بنانا چاہیے۔انہوں نے یہ بات ماہِ ربیع الاول میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کے سلسلے میں آج کراچی اور حیدرآباد میں ایم کیو ایم کے زیر اہتمام منعقد کئے جانے والے اجتماعات سے ٹیلیفون پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔ان اجتماعات میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، مشائخ عظام، اسکالرز، دینی و مذہبی تنظیموں کے رہنماؤں، ثناء خوان، ذاکرین اور مختلف دینی مدارس کے منتظمین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسلام امن و سلامتی کا مذہب ہے لیکن چند ایسے ظالم لوگ بھی ہیں جو مذہب کے نام پر نفرت کا درس دیتے ہیں۔شیعہ سنی فساد کی سازش کی جاتی ہے جس میں معصوم انسانوں کی قیمتی جانیں چلی جاتی ہیں تاکہ اس کے ردعمل میں اشتعال پھیلے اور ایم کیو ایم نے اتحاد بین المسلمین اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی جو فضاء پیدا کی ہے اسے نقصان پہنچایا جائے۔انہوں نے کہا کہ ایک مرتبہ پھر کراچی میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹروں، وکلاء اور علماء کو قتل کیا جارہا ہے۔گزشتہ روز ہی ایک امام بارگاہ کے ٹرسٹی ڈاکٹر محسن جعفری اور ایک نوجوان تاثیر عباس کو قتل کیا گیا۔ٹارگٹ کلنگ کسی شیعہ کی ہو یا سنی کی، اس پر قتل ہونے والے شیعہ کے گھر والوں کو جتنا دکھ ہوگا اتنا ہی سنی کے گھر والوں کو بھی ہوگا۔لہٰذا شیعہ اور سنی علماء کو ان واقعات کی مذمت کرنا چاہیے اور جرات کے ساتھ یہ کہنا چاہیے کہ مذہب کے نام پر عوام میں نفرت پھیلانے والوں کا مذہب سے کوئی تعلق نہیں، یہ منافقین میں سے ہیں اور مسلمانوں کو آپس میں لڑانا چاہتے ہیں اور ان کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنا چاہتے ہیں۔مذہب، مسلک اور عقیدے کی بنیاد پر بے گناہ شہریوں کو قتل کرنے والے انسانیت کے دشمن ہیں اور ایسے لوگ کسی رعایت کے مستحق نہیں۔حکومت کو چاہیے کہ وہ ایسے عناصر کی گرفت کرے، ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی روک تھام کرے اور شیعہ سنی عوام کو تحفظ دے۔جناب الطاف حسین نے شیعہ سنی عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ جو عناصر ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کے ذریعے فرقہ وارانہ فساد کرانا چاہتے ہیں ہمیں اپنے اتحاد سے ان فسادی عناصر کی سازشوں کا مقابلہ کرنا چاہیے اور مل جل کر ان کی سازشوں کو نا کام بنانا چاہیے۔انہوں نے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام سے اپیل کی کہ وہ بھی فرقہ وارانہ فساد کی سازشوں کو نا کام بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کریں اور اپنے خطبات میں اتحاد بین المسلمین اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا درس دیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم مذہبی رواداری، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور اتحاد بین المسلمین کیلئے برسوں سے جو کوششیں کر رہی ہے وہ سب کے سامنے ہیں اور مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام اس سلسلے میں ایم کیو ایم کے ساتھ جو تعاون کرتے ہیں اس پر ان کا جتنا شکر ادا کیا جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے سوال کیا کہ جبریہ اسلام کیا ہوتا ہے؟ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ''لا اکراہ فی الدین'' یعنی دین میں جبر نہیں۔انہوں نے کہا کہ طاقت کے بل پر اپنا عقیدہ دوسرے پر تھوپنا کسی بھی طرح درست نہیں بلکہ اسلامی تعلیمات کی نفی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کی تو کوشش رہی ہے کہ انصاف کے نظام پر مبنی ایسا معاشرہ تشکیل دیا جائے جہاں تمام مذاہب، مسالک اور عقائد سے تعلق رکھنے والے اپنے اپنے عقیدے کے مطابق آزادی سے عبادت کرسکیں۔ایم کیو ایم سمجھتی ہے کہ عوام کو بلاامتیاز جان و مال کا تحفظ اور انصاف فراہم کئے بغیر پاکستان کو مضبوط و مستحکم نہیں بنایا جاسکتا۔جناب الطاف حسین نے اجتماعات کے تمام شرکاء کو امام الانبیا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے یوم ولادت کی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ نبی کریمؐ نے انسانیت کو فلاح کا پیغام دیا اور وہ تمام جہانوں کیلئے رحمت بن کر آئے۔انہوں نے کہا کہ سرکار دو عالمؐ کی سیرت طیبہ پر جتنے دن، جتنی راتیں، جتنے مہینے اور جتنے سال

بولا جائے، دن مہینے، سال کم پڑ جائیں گے لیکن سیرت طیبہ کا احاطہ نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے علمائے کرام سے درخواست کی کہ وہ ربیع الاول کے بابرکت مہینے میں نئی نسل کو سیرت طیبہ سے آگاہ کریں اور سیرت طیبہ پر روشنی ڈالنے کے ساتھ ساتھ لوگوں کو احترام انسانیت، پیار، محبت، امن اور بھائی چارے کا زیادہ سے زیادہ پیغام دیں۔ انہوں نے اجتماعات میں شرکت پر تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، مشائخ عظام، اسکالرز، دینی و مذہبی تنظیموں کے رہنماؤں، ثناء خوان، ذاکرین اور مختلف دینی مدارس کے منتظمین کا شکریہ ادا کیا اوران کیلئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام حاظرین اوران کے اہل خانہ پر اپنی رحمت کی بارش برسائے۔

## نارتھ کراچی میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے تین ہمدردوں کی شہادت پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

## شہر کا امن کو تباہ کر کے دہشت گردی کے واقعات کو ہوا دیکر معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیلی جارہی ہے، رابطہ کمیٹی

## عوام وکارکنان دہشت گردی کے واقعات پر ہرگز مشتعل نہ ہوں، فرقہ وارانہ فسادات کی سازشوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں

## ایم کیوایم کے تین ہمدردوں کے قتل سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں گزشتہ کئی روز سے جاری قتل غارت گری کے واقعات کا نوٹس لیا جائے

لندن:۔۔۔30 جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نارتھ کراچی مے دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے تین ہمدرد عدنان، عرفان اور عادل کے بہیمانہ قتل پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کے اس واقعہ میں تینوں شہداء کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کے تینوں شہداء کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور سوگواران کو اس صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دیں۔ (آمین)

دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نارتھ کراچی مے دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے تین ہمدرد عدنان، عرفان اور عادل سمیت گزشتہ کئی روز سے شہر کے مختلف واقعات میں جاں بحق وزخمی ہونے کے واقعات پر شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور ایم کیوایم کے تینوں ہمدردوں سمیت شہر کے مختلف واقعات میں جاں بحق و زخمی ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ کئی روز سے شہر میں قتل وغارت گری کے واقعات اور اسکے نتیجے میں متعدد معصوم شہریوں کی ہلاک وزخمی ہونے کے واقعات تشویش کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن وملک دشمن عناصر ایک سوچی سمجھی سازش کے ذریعے شہر میں قائم امن کو تباہ کر کے یہاں پر دہشت گردی کے واقعات کو ہوا دیکر فرقہ وارانہ قتل غارت گری کے واقعات کرائے جارہے ہیں اور معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیلی جارہی ہے اور نارتھ کراچی میں ایم کیوایم تین ہمدردوں کی شہادت بھی اس سازش کی کڑی ہے جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے عوام وکارکنان سے اپیل کی ہے کہ شہر میں بڑھتے ہوئے دہشت گردی کے واقعات پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی سازشوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اور گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور صوبائی وزیر داخلہ منظور وسان سے مطالبہ کیا ہے کہ نارتھ کراچی میں ایم کیوایم کے تین ہمدردوں کے قتل سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں گزشتہ کئی روز سے جاری قتل غارت گری کے واقعات کا نوٹس لیا جائے اور شہر میں بگڑتی ہوئی امن وامان کی صورتحال کو قابو پانے کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ رابطہ کمیٹی نے دہشت گردی کے واقعات میں جاں بحق وزخمی ہونیوالے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے

## سرکار دوعالمؐ سے عقیدت ومحبت اور سیرت طیبہ کی پیروی کو ایمان کا حصہ بنایا جائے، علمائے کرام

## کامل درجہ کا مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دیگر مسلمان محفوظ رہیں

## فرقہ واریت کے خاتمہ کیلئے ایم کیوایم کے ساتھ ہیں۔ ایم کیوایم کے تحت عید میلاد النبیؐ کے سلسلے میں علمائے کرام کا اظہار خیال

کراچی۔۔۔30، جنوری 2012ء

مختلف مکاتب فکر کے جید علمائے کرام، مفتی حضرات، مشائخ عظام اور ذاکرین نے اتحاد بین المسلمین کیلئے ایم کیوایم اور جناب الطاف حسین کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ سرکار دوعالمؐ سے عقیدت ومحبت اور سیرت طیبہ کی پیروی کو ایمان کا حصہ بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم کے تحت جشن عید میلاد النبیؐ کے سلسلے میں عزیز آباد

میں علمائے کرام کے اجتماع کے موقع پر جناب الطاف حسین سے براہ راست گفتگواور سیرت طیبہ پر روشنی ڈالتے ہوئے کیا۔مولانا تنویرالحق تھانوی نے حدیث مبارکہ بیان کرتے ہوئے کہا کہ کامل درجہ کا مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دیگر مسلمان محفوظ رہیں۔یہی نہیں بلکہ سرکاردوعالمؐ نے غیر مسلموں کی جان ومال کے تحفظ کا بھی درس دیا ہے۔اگر ہم ساری عمر عبادت کرتے رہیں اور اپنے ہاتھ اور زبان سے دیگر انسانوں کو تکلیف پہنچانے کا عمل کریں تو ہماری تمام عبادات بے کار ہونگیں۔مولانا نسیم احمد صدیقی نوری نے سرکاردوعالم کی مکی اور مدنی زندگی کے پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ عرب روایات کے تحت غیر مسلم نبی کریمؐ کی بارگاہ میں مسلح آیا کرتے تھے لیکن جب وہ دائرہ اسلام میں داخل ہوجاتے تھے تو حضور اکرمؐ ان کے ہتھیار الگ کردیا کرتے تھے۔سرکاردوعالمؐ نے کفار کے مظالم کے باوجود صحابہ کرامؓ کو جنگ اور احتجاج کی اجازت نہیں دی بلکہ فرمادیا کہ اللہ اور اس کے رسول کا ذکر تمہارے دکھوں کا مداوا ہے۔شیعہ عالم دین علامہ عباس کمیلی نے کہا کہ تمام مکاتب فکر امن وسلامتی چاہتے ہیں اور ان میں سے کوئی بھی شر نہیں چاہتا لیکن ایک طبقہ ایسا ہے جو شر پھیلا رہا ہے اس فتنہ پرور طبقہ پر نظر رکھنے اور اسے کچلنے کی ضرورت ہے۔ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو اس شر کو ختم کر کے امن قائم کرسکتی ہے۔جماعت اہلحدیث کے امیر عبداللہ فاروقی نے کہا کہ حدیث رسولؐ کے مطابق ایک انسان کا قتل پوری انسانیت کا قتل ہے۔فتح مکہ کے موقع پر نبی کریمؐ نے تمام مشرکین کو معاف فرمایا جس کی مثال پوری دنیا میں نہیں ملتی۔انہوں نے کہا کہ فرقہ واریت کے خاتمہ کیلئے جماعت اہلحدیث، جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے ساتھ ہے۔مفتی محمد عثمان یار خان نے کہا کہ نبی کریمؐ نے ایک انسان کی جان اور خون کی قیمت کو بیت اللہ کی حرمت سے زیادہ قرار دیا ہے جو مذہب، مسلک اور فرقہ کے نام پر ایک دوسرے کا خون بہانے والوں کیلئے سبق ہے۔سنی وحدت کونسل کے مولانا اسد تھانوی نے کہا کہ نبی کریمؐ نے آخری خطبہ کے موقع پر انسانوں کی جان ومال اور عزتوں کو محترم قرار دیا ہے۔انہوں نے اتحاد بین المسلمین کیلئے ایم کیوایم اور جناب الطاف حسین کی کاوشوں کو نتیجہ خیز قرار دیا۔مرزا یوسف حسین نے سیرت طیبہ پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ علمائے کرام میں سیرت طیبہ کے آثار دکھائی نہیں دیتے،فرقہ واریت کے خاتمہ کیلئے حکومت کی جانب سے کوئی اقدام نہیں کیا جاتا، بے گناہ افراد کو قتل کے الزام میں گرفتار ہونے والے دوبارہ قتل کرنے کی بات کرتے ہیں لیکن چیف جسٹس آف پاکستان نے آج تک ایسے کسی بھی دہشت گرد کو سزا نہیں سنائی۔سنی اتحاد کونسل کے محمد رفیع نے اپنی جماعت کی جانب سے نئے صوبوں کے قیام کیلئے ایم کیوایم کے بل کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ان کی جماعت قومی اسمبلی میں بھی اس بل کی حمایت کرے گی۔عاشق علی قادری نے کہا کہ پاکستان کے عوام ایک ایسی ذہنیت کے ہاتھوں یرغمال بنے ہوئے ہیں جو اپنے علاوہ کسی اور کا وجود برداشت کرنے کو تیار ہی نہیں ہے ہمیں اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہر انسان کے قتل کی بھرپور مذمت کرنی چاہئے۔

## ایم کیوایم کے زیراہتمام ربیع الاول کے مہینے میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد اور حیدرآباد زونل آفس میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام کے اجتماعات

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام ربیع الاول کے مہینے میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور قیام امن کے سلسلے میں پیر کے روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد اور حیدرآباد زونل آفس میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام کے بیک وقت اجتماعات منعقد ہوئے جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹیلی فونک خطاب کیا۔اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائم خانی،اراکین رابطہ کمیٹی،ایم کیوایم کے رہنماء عامر خان حق پرست سینیٹرز،وزراء،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام ومشائخ عظام،مذہبی انجمنوں کے عہدیداران،نعت خواں حضرات،ایم کیوایم علمائے کمیٹی کے انچارج واراکین کمیٹی ایم کیوایم حیدرآباد زون کے انچارج واراکین زونل کمیٹی،ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی اراکین، ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجتماعات کے سلسلے میں پنڈال کو شامیانہ لگا کر خوبصورت انداز میں سجایا گیا تھا جبکہ پنڈال میں سامنے کی جانب ایک اسکرین آویزاں کی گئی تھی جس پر مدینہ منورہ، خانہ کعبہ کے عکس بنے ہوئے تھے اس کے علاوہ اسکرین پر قرآنی آیت ''ومارسلنک الارحمتہ اللعالمین''، ماہ ربیع الاول میں علمائے کرام ومشائخ سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا خطاب جلی حروف میں تحریر تھا۔پنڈال میں اجتماعات کی براہ راست کوریج کیلئے صحافیوں کیلئے خصوصی طور پر انکلوژر بنایا گیا تھا۔اجتماعات کا باقاعدہ آغاز 5:05 منٹ پر تلاوت قرآن پاک سے ہوا جس کی سعادت مولانا تنویرالحق تھانوی نے حاصل کی اس موقع پر بارگاہ رسالتؐ میں ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے رکن ناصر یامین نے ہدیہ نعت پیش کیا جبکہ نظامت کے فرائض ایم کیوایم کے کارکن وقاص شاہ نے انجام دیئے۔اجتماع میں عصر اور مغرب کی نمازوں کا وقفہ بھی ہوا جس دوران علمائے کرام نے اجتماعی طور پر نمازیں ادا کیں۔اجتماع میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ٹیلی فون لائن پر آمد کا اعلان ٹھیک 5:15 پر ہوا۔اس موقع پر پنڈال میں موجود شرکاء نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خطاب کو بغور سماعت کیا اور جناب الطاف حسین سے ٹیلی فونک گفتگو کے دوران سیرت طیبہﷺ پر روشنی بھی ڈالی۔اجتماع کے اختتام پر گدی نشین اجمیر شریف سیّد سرور چشتی نے خشوع وخضوع کے ساتھ دعا کرائی۔

## ماہ ربیع الاول میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کے سلسلے میں پیر کے روز ہونیوالے علمائے کرام اور مشائخ عظام کے اجتماع میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء اور مشائخ نے بڑی تعداد میں شرکت کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

ماہ ربیع الاول میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کے سلسلے میں پیر کے روز ہونیوالے علمائے کرام اور مشائخ عظام کے اجتماع میں مسلمانوں کے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اور مشائخ عظام نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔ کراچی کے اجتماع میں شرکت کرنے والے علمائے کرام میں مولانا تنویر الحق تھانوی ،، علامہ عباس کمیلی ،مولانا اسد دیوبندی، ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ ،مولانا اسد تھانوی، علامہ اکرام حسین ترمذی، علامہ امیر عبداللہ فاروقی ، علامہ مرزا یوسف حسین ،مولانا مرتضٰی رحمانی ، علامہ اظہر حسین نقوی ،مولانا حفیظ قادری، مولانا سعید قمر قاسمی ،مولانا قاری عبدالحئی، علامہ وقار حسن تقوی ،مولانا فیصل عزیزی ،مولانا خواجہ امین نظامی ،مولانا آغا نادر، مفتی عبدالعلیم قادری ، قاری عبدالمنان، گدی نشین اجمیر شریف سیّد سرور چشتی ، پیر عبدالوہاب سلطانی ،مولانا خواجہ اشرف ،سیّد محمد عمر راشدالقادری ،مفتی عثمان یار خان ، علامہ عامر عبداللہ محمدی ،مولانا انتظار الحق تھانوی ، حشمت اللہ صدیقی ،مولانا شاہد رضا ،مفتی منیر احمد طارق ،مولانا نور الہادی ، حافظ احمد مصطفیٰ، علامہ آغا حسین مسعودی ،مفتی نظیر حسین ،مولانا سرور نظامی ،حکیم محمد زیدی ، صاحبزادہ محمد صادق قریشی اور عاشق علی قادری جبکہ حیدرآباد میں شرکت کرنے والے علمائے کرام ومشائخ عظام میں الحاج گلشن الٰہی ، علامہ منیر احمد قادری ،مفتی حفیظ الرحمٰن ،محمد اکرم قریشی ، علامہ احمد خان سیالوی ،مولانا اصغر علی قادری ،مولانا جمال الدین ، بشیر احمد نقشبندی ، احمد جعفری ، علامہ زاور عبدالطیف بھی موجود تھے ۔

## صوبہ سندھ سمیت ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے افراد قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر مکمل اعتماد کرتے ہیں

## ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جو غریب مظلوم عوام کے دکھوں کا مداوا کرنے کیلئے دن رات مصروف عمل ہے

## ملک کی دیگر سیاسی جماعتیں عوام کی حالت زندگی بدلنے کیلئے دعوے تو خوب کرتیں ہیں لیکن عملی طور پر اسے پوا رنہیں کرتیں

## سکھر کے ریلوے اسٹیڈیم گراؤنڈ میں منعقدہ جلسہ عام ’’خوشحال سندھ مضبوط پاکستان‘‘ جلسہ عام کی کامیابی پر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات کے پیغامات

کراچی:۔۔۔30 جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام سکھر کے ریلوے اسٹیڈیم گراؤنڈ میں منعقدہ ’’خوشحال سندھ مضبوط پاکستان‘‘ جلسہ عام سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خطاب کو سکھر کے عوام نے ملک میں آنیوالے غریب متوسط طبقے کے انقلاب کا پیش خیمہ قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ ایم کیوایم شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کے پیغام پر عمل پیرا رہتے ہوئے سندھ دھرتی پر بسنے والی تمام قومیتوں کے درمیان نفرتوں کو ختم کر کے سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کے درمیان اتحاد، پیار، اخوت، بھائی چارگی اورامن وآشتی کے پیغام کو فروغ دینا چاہتی ہے ۔ان جذبات کا اظہار مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے سکھر کے ریلوے اسٹیڈیم میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خطاب کے بعد ایم کیوایم انٹر نیشنل سکریٹریٹ لندن، نائن زیرو عزیز آباد اور سکھر زونل آفس پر فیکس ،فون، ای میل اپنے تحریری پیغامات میں کیا۔ پیغامات میں عوام نے کہا کہ لاکھوں کی تعداد میں اندرون سندھ کے عوام نے جلسہ عام میں بھرپور شرکت کر کے ثابت کر دیا ہے کہ وہ سندھ دھرتی میں امن کے خواہاں ہیں اور سندھ کے مستقل باشندے ملک کی بقاء وسلامتی کیلئے اپنا عملی کردار ادا کرنا چاہتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ 64 سالوں سے ملک کے جاگیرداروں ، وڈیروں نے اپنے مفادات کی خاطر سندھ کے مظلوم مزدور، کسان اور غریب عوام کو اپنا محکوم بنا رکھا ہے، یہی وجہ ہے کہ ملک کی دیگر سیاسی جماعتیں عوام کی حالت زندگی بدلنے کیلئے دعوے تو خوب کرتیں ہیں لیکن عملی طور پر اسے پورا نہیں کرتیں ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جو غریب مظلوم عوام کے دکھوں کا مداوا کرنے کیلئے دن رات مصروف عمل ہے ۔انہوں نے کہا کہ آخر کار سازشی عناصر کی جانب سے ایم کیوایم کیخلاف کی جانیوالی سازشوں نے دم توڑ دیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ جلسہ ’’خوشحال سندھ مضبوط پاکستان‘‘ نے پاکستان کے جاگیرداروں ، وڈیروں اور سرمایہ داروں کا یہ پیغام دیا ہے کہ صوبہ سندھ سمیت ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے افراد قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر مکمل اعتماد کرتے ہیں اور ان کے شانہ بشانہ ملک میں غریب ومتوسطے طبقے کے انقلاب کیلئے عملی جدوجہد کرنے کیلئے تیار ہیں اور انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب ملک میں غریب ومتوسط طبقے کا انقلاب قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں آئے گا اور ملک سے جاگیردارانہ ، وڈیرانہ نظام کا خاتمہ ہوگا ۔تاثرات میں عوام نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو جلسہ عام ’’خوشحال سندھ مضبوط پاکستان‘‘ کی عظیم الشان کامیابی پر مبارکباد پیش کی ہے اور حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں ہیں ۔

## نجی ٹی وی کے رپورٹر بلال احسن کے والد ایم احد حبیبی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کے رکن وشعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔30 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے نجی ٹی وی کے رپورٹر بلال احسن کے والد ایم احد حبیبی کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں واسع جلیل نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## صدر آزاد کشمیر کی جانب سے نجی ٹی وی چینل کو ایوارڈ دیئے جانے پر رابطہ کمیٹی کی مبارکباد

کراچی۔۔۔30، جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صدر آزاد کشمیر سردار یعقوب کی جانب سے نجی ٹی وی چینل کو آزاد کشمیر کے مسائل اور مسئلہ کشمیر کو اپنی نشریات میں عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے اعتراف میں ایوارڈ دیئے جانے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ نجی ٹی وی کو ایوارڈ دینے سے دیگر میڈیا کو بھی مسئلہ کشمیر اور تحریک آزادی کشمیر کو اجاگر کرنے کی ایک اچھی اور قومی ترغیب ملے گی اور مسئلہ کشمیر اور عوامی مسائل کے حوالے سے پاکستان کا مقدمہ عالمی سطح پر مئوثر انداز میں مزید اجاگر ہوگا۔رابطہ کمیٹی نے نجی ٹی وی چینل آزاد کشمیر کے نمائندے سردار رضا، ان کی ٹیم اور دیگر صحافیوں کو اپنی پیشہ وارانہ اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## عوام وکارکنان رانا خرم شہزاد کے والد کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعائیں کریں، جناب الطاف حسین کی اپیل

لندن:۔۔۔30 جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم لاہور زون کے ممبر رانا خرم شہزاد کے والد کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ رانا خرم شہزاد کے والد کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## ایم کیو ایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ 7 کے کارکن پرویز علی بنگش کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔30 جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ 7 کے کارکن پرویز علی بنگش کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔30 جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ 7 کے کارکن پرویز علی بنگش، ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 120 کے شہید کارکن محمد اقبال کی والدہ محترمہ مہناز بیگم، ایم کیو ایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 50 کے کارکن جاوید رضا کے والد عابد رضا، ایم کیو ایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 197 کے کارکن صلاح الدین کی والدہ محترمہ جمشید بیگم، ایم کیو ایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 64 کے شہید کارکن فاروق شہید کی والدہ محترمہ عقیلہ بیگم، ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی بلوچستان کے رکن عبدالخالق بلوچ کے والد حاجی عبدالرسول ، ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 157 کے کارکن فہیم الحسن کے والد نور الحسن، ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 157 کے کارکن نعمان مشاہد کے والد مشاہد علی، ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 90 کے کارکن اکبر حسین کے والد عطا حسین اور ایم کیو ایم لائنز ایریا سیکٹر کمیٹی کے رکن قیوم قریشی کے بڑے بھائی محمد اسحاق کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا ااظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆